سوال

(42) ایام حیض میں عورت قرآن کریم کی تلاوت کر سکتی ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایام حیض میں عورت قرآن کریم کی تلاوت کر سکتی ہے یا نہیں؟ وہ لڑکی جو حفظ القرآن کی طالبہ ہو اس کے لیے کہاں تک رعایت ہے اور اس کا قرآن وسنت میں کیا ثبوت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح مسلک کے مطابق حائضہ عورت کے لیے قرآن مجید کی تلاوت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ قرآن کو ہاتھ لگائے بغیر زبانی طور پر پڑھ سکتی ہے۔

حیض کی مدت چونکہ کئی دنوں پر محیط ہوتی ہے لہٰذا طالبہ غیر طالبہ سب کے لیے تلاوت کو جائز قرار دیا گیا ہے تاکہ وہ اسے بھول نہ جائے اور تلاوت کلام کے ثواب سے محروم نہ رہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 105

محدث فتویٰ